# Weekly Tips

Edition: 118 Issue: 3-06-13

www.softax.com.pk



SOFTAX real time taxation support


**Consulting, Training & Online Services**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَالنَّهَارِ وَالۡفُلۡكِ الَّتِیۡ تَجۡرِیۡ فِی الۡبَحۡرِ بِمَا یَنۡفَعُ النَّاسَ وَمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنۡ مَّآءٍ فَاَحۡیَا بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَبَثَّ فِیۡهَا مِنۡ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصۡرِیۡفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الۡمُسَخَّرِ بَیۡنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۶۴﴾

| | |
|---|---|
| **Maulana Muhammad Joona Garhi** | آسمانوں اور زمین کی پیدائش، رات دن کا ہیر پھیر، کشتیوں کا لوگوں کو نفع دینے والی چیزیں کو لئے ہوئے سمندروں میں چلنا۔ آسمان سے پانی اتار کر، مردہ زمین کو زندہ کر دینا (ا) اس میں ہر قسم کے جانوروں کو پھیلا دینا، ہواؤں کے رخ بدلنا، اور بادل، جو آسمان اور زمین کے درمیان مسخر ہیں، ان میں عقلمندوں کے لئے قدرت الٰہی کی نشانیاں ہیں۔ |
| **Maulana Ishaq Madni** | بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں رات اور دن کے ادلنے بدلنے میں ف ۲ اور ان کشتیوں اور جہازوں میں جو کہ رواں دواں ہیں سمندروں میں طرح طرح کے ایسے سامانوں کے ساتھ ف ۳ جو کہ فائدہ پہنچاتے ہیں لوگوں کو اور بارش کے اس پانی میں جسے اللہ اتارتا ہے آسمان سے پھر اس کے ذریعے وہ زندگی بخشتا ہے زمین کو اس کے بعد کہ وہ مرچکی ہوتی ہے ف ۴ اور طرح طرح کے ان جانوروں میں ف ۵ جن کو اس نے پھیلا رکھا ہے زمین میں اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ سے اور ہواؤں کی گردش میں اور ان بھاری بھرکم بادلوں میں جن کو مسخر اور معلق کر رکھا ہے اس نے آسمان اور زمین کے درمیان میں بڑی بھاری نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سے صحیح طور پر کام لیتے ہیں ف ٦ |
| **Maulana Mahmood ul Hassan Deobandi** | بیشک آسمان اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے بدلتے رہنے میں اور کشتیوں میں جو کہ لے کر چلتی ہیں دریا میں لوگوں کے کام کی چیزیں اور پانی میں جس کو کہ اتارا اللہ نے آسمان سے پھر جِلایا اس سے زمین کو اس کے مر گئے پیچھے اور پھیلائے اس میں سب قسم کے جانور اور ہواؤں کے بدلنے میں اور بادل میں جو کہ تابعدار ہے اس کے حکم کا درمیان آسمان و زمین کے بیشک ان سب چیزوں میں نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے ف ا |
| **Maulana Fateh Muhammad Jalandhri** | بیشک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے میں اور کشتیوں (اور جہازوں) میں جو دریا میں لوگوں کے فائدے کی چیزیں لیکر رواں ہیں اور مینہ میں جس کو خدا آسمان سے برساتا اور اس سے زمین کو مرنے کے بعد زندہ (یعنی خشک ہوئے پیچھے سرسبز) کر دیتا ہے اور زمین پر ہر قسم کے جانور پھیلانے میں اور ہواؤں کے چلانے میں اور بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان گھرے رہتے ہیں عقلمندوں کے لئے (خدا کی قدرت کی) نشانیاں ہیں |
| **Maulana Abdur Rehman Kilani** | جو لوگ کچھ سوچتے سمجھتے ہیں ان کے لیے آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں، رات اور دن کے ایک دوسرے کے بعد آنے میں، ان کشتیوں میں جو لوگوں کو نفع دینے والی چیزیں لیے سمندروں میں چلتی ہیں، اللہ تعالیٰ کے آسمان سے بارش نازل کرنے میں، جس سے وہ مردہ زمین کو زندہ کر دیتا ہے، اور اس میں ہر طرح کی جاندار مخلوق کو پھیلا دیتا ہے، نیز ہواؤں کی گردش میں اور ان بادلوں میں جو زمین و آسمان کے درمیان تابع فرمان ہیں [۲۰۲] بے شمار نشانیاں ہیں |
| **Maulana Ahmad Ali Lahori** | بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات اور دن کے بدلنے میں اور جہازوں میں جو دریا میں لوگوں کی نفع دینے والی چیزیں لے کر چلتے ہیں اور اس پانی میں جسے اللہ نے آسمان سے نازل کیا ہے پھر اس سے مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے اور اس میں ہر قسم کے چلنے والے جانور پھیلاتا ہے اور ہواؤں کے بدلنے میں اور بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان حکم کا تابع ہے البتہ عقلمندوں کے لیے نشانیاں ہیں |
| **Maulana Abul Aala Maududi** | (اس حقیقت کو پہچاننے کے لیے اگر کوئی نشانی اور علامت درکار ہے تو) جو لوگ عقل سے کام لیتے ہیں ان کے لیے آسمانوں اور زمین کی ساخت میں، رات اور دن کے پیہم ایک دوسرے کے بعد آنے میں، ان کشتیوں میں جو انسان کے نفع کی چیزیں لیے ہوئے دریاؤں اور سمندروں میں چلتی پھرتی ہیں، بارش کے اس پانی میں جسے اللہ اوپر سے برساتا ہے پھر اس کے ذریعے سے زمین کو زندگی بخشتا ہے اور اپنے اسی انتظام کی بدولت زمین میں ہر قسم کی جاندار مخلوق کو پھیلاتا ہے، ہواؤں کی گردش میں، اور ان بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان تابع فرمان بنا کر رکھے گئے ہیں، بے شمار نشانیاں ہیں۔ 162 |
| **Maulana Taqi Usmani** | Surely, in the creation of heavens and earth, and the alternation of night and day, and the ships that sail in the sea, carrying that which benefits men, and in the water Allah sent down from the sky, then revived with it the earth after it was dead, and in every creature He has scattered on it, and in turning of winds, and in the clouds employed to serve between heaven and earth, there are signs for those who have sense. |
| **Maulana Abdul Majid Daryabadi** | Verily in the creation of the heavens and the earth, and the alternation of night and day, and the ships that course upon the sea laden with that which profiteth mankind, and that which Allah sendeth down of water from the heaven and quickenoth the earth thereby after the death thereof; and scattereth therein of all kinds of moving creatures, and in the veering of the winds and the cloud subjected for service betwixt heaven and earth. are signs unto a people who understand. |
| **Sahih International** | Indeed, in the creation of the heavens and earth, and the alternation of the night and the day, and the [great] ships which sail through the sea with that which benefits people, and what Allah has sent down from the heavens of rain, giving life thereby to the earth after its lifelessness and dispersing therein every [kind of] moving creature, and [His] directing of the winds and the clouds controlled between the heaven and the earth are signs for a people who use reason. |

## TAX TIP OF THE WEEK

Without prejudice to any liability under any other law for the time being in force, where a person fails to pay Levy as provided under section 4 or the levy so paid is less than the amount payable, he shall be liable to pay default surcharge at the rate of sixteen per cent per annum on the amount not paid or the amount by which the Levy paid falls short of the amount payable, calculated from the date it was payable to the date it is paid or the date of an order under section 5, whichever is earlier.

## WEEKLY UPDATES (SROs, Circulars etc.)

### Income Tax

| | |
|---|---|
| 494(I)/2013 | 12 June 2013 |
| 499(I)/2013 | 10 June 2013 |

### Sales Tax

| | |
|---|---|
| 500(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 501(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 502(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 503(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 504(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 505(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 506(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 509(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 510(1)/2013 | 12 June 2013 |
| 499(1)/2013 | 12 June 2013 |
| SRB-3-4/4/2013 | 12 June 2013 |

### Federal Excise

| | |
|---|---|
| 500/2013 | 12 June 2013 |
| 503/2013 | 12 June 2013 |
| 507/2013 | 12 June 2013 |
| 508/2013 | 12 June 2013 |

## BUSINESS TERM OF THE WEEK

### Collateral

1. Secondary, subordinate, or supplementary item accompanying a primary item.

2. Specific asset (such as land or building) pledged as a secondary (and subordinate) security by a borrower or guarantor. The principal security is usually the borrower's personal guaranty, or the cash flow of a business. Except for highly creditworthy customers (who can get loans against only their signatures) lenders always demand a collateral if the primary security is not considered to be reliable or sufficient enough to recover the loan in case of a default.

## QUOTE OF THE WEEK

The larger the island of knowledge, the longer the shoreline of wonder. **[Ralph W. Sockman]**

سنن ابوداؤد: جلد اول: حدیث نمبر 1477 حدیث مرفوع مکررات 4 متفق علیہ

احمد بن حنبل، عبداللہ بن یزید، حیوہ، ابوہانی، حمید بن ہانی ابو علی، صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت فضالہ بن عبید سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو نماز میں دعا کرتے ہوئے سنا، اس حال میں کہ اس نے نہ تو اللہ کی حمد و ثنا کی تھی اور نہ نبی پر درود بھیجا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس نے جلد بازی سے کام لیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو اپنے پاس بلایا اور اس سے کہا (یا کسی اور سے کہا کہ) جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو اپنے رب کی حمد و ثنا سے آغاز کرے پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے پھر اس کے بعد جو چاہے دعا مانگے۔